SRM
اضافی مطالعاتی مواد

92 Publishing House

اِرشاد

تیسری جماعت کے لیے



شازیہ اسلام

۳

مشق

(۱) جوابات، کاپی میں لکھیں۔

- جو قصہ آپ نے پڑھا، وہ کس نبی کے زمانے کا ہے؟
- ہرن کی کیا حالت تھی؟
- نیک آدمی مایوس کیوں ہوا؟
- نیک آدمی کو کنوئیں سے پانی نکالنے کی کیا ترکیب سُوجھی؟

(۲) کیا آپ نے کبھی کسی کی مدد کی ہے؟ ایسا کوئی قصّہ یا واقعہ کاپی میں لکھیں۔

(۳) ذیل میں دیئے گئے الفاظ اُن کے ہم معانی الفاظ کے ساتھ لکھیں۔

قریب   اچانک   چیز   نیکی   مایوس   جنت

شے ______   نا اُمید ______   یکایک ______   فردوس ______   اچھائی ______   نزدیک ______

(۴) نئے نئے الفاظ پڑھیں اور ذخیرۂ الفاظ بڑھائیں۔ جو لفظ آپ نے سبق میں پڑھا، اُس پر دائرہ لگائیں۔

جس لفظ کا مطلب آپ کو معلوم نہ ہو، لُغت میں دیکھیں۔

حال	حالت	حیلہ	حُلیہ	حلوہ
گرمی	گرما	گرما گرم	گرم جوش	گریہ
تھال	تھیلی	تھیلا	تھالی	تھل
قُرب	قریب	قریہ	قبر	قبرستان
خال	خالہ	خول	خیال	خیالی

(۵) ''سبق پہیلی'' کھیلیں اور ہر دو الفاظ کے جُملے بنائیں اور کاپی میں لکھیں۔

- ''بزرگ'' کا ''بز'' ہٹا دیں تو کون سا لفظ رہ جائے گا؟
- ''لاد'' کی ''د'' کی بجائے ''ڈ'' لگائیں تو کون سا لفظ بنے گا؟
- ''ترس'' کی ''ت'' کی جگہ ''ن'' لگائیں تو کون سا لفظ بنے گا؟
- ''جھٹ'' کا کون سا حرف بدلیں گے تو ایک جانور کے رہنے کی جگہ کا نام ہو گا؟
- ''بوری'' کی ''ب'' کی بجائے ''ت'' لگائیں تو کس سبزی کا نام بنے گا؟
- ''دُور'' میں ''و'' کی بجائے ''ے'' لکھیں تو کون سا لفظ بنے گا؟

(۶) ''اسم نکرہ'' کی مشق کریں۔ دونوں کہانیوں سے چُن کر نام، چیز اور جگہ کا کھیل کھیلیں۔

نام	چیز	جگہ

(۷) درخت پر بُلبل کے بچے گھونسلے میں بیٹھے تھے کہ اچانک گھونسلا گر گیا۔ نومی اور ببلو اُنہیں احتیاط سے واپس رکھنا چاہتے ہیں۔ کیسے؟ سوچ کر چار طریقے لکھیں۔



ذخیرۂ الفاظ: بستی بستہ باسی باس بے بس بستر

سکول کا بستہ

میں ایک ریٹائرڈ افسر ہوں۔ میرا پسندیدہ مشغلہ باغبانی ہے۔ میرے گھر میں بہت سے پودے اور پھل دار درخت ہیں، جن کی دیکھ بھال کر کے مجھے بے پناہ راحت و تسکین ملتی ہے۔ آج بھی میں پودوں کی کاٹ چھانٹ سے فارغ ہو کر آم کے پیڑ کے نیچے بچھی چارپائی پر بیٹھا ہی تھا کہ میرا پوتا عدن، سکول سے واپس آ گیا۔ مجھے وہاں بیٹھے دیکھ کر وہ سیدھا میرے پاس چلا آیا اور چارپائی پر بستہ رکھتے ہی مجھ سے پوچھنے لگا: ''دادا جان! کیا آپ کا سکول کا بستہ بھی اِتنا ہی بھاری ہوتا تھا؟'' اُس ننھے بچے کے سوال نے مجھے عجیب اُلجھن میں ڈال دیا۔ سوال کرنے کی وجہ اُس کے چہرے کی تھکان سے صاف ظاہر تھی۔



ذخیرۂ الفاظ: قائد قائداعظم قاعدہ قواعد قانون قوانین

تصویری مشق

▼ یہاں گاڑی کھڑی کرنا منع ہے۔

▼ حفاظتی نشست باندھ لیں۔

▼ زیبرا کراسنگ/سڑک یہاں سے پار کریں۔

▼ احتیاط سے چلیں، آگے سکول ہے۔

▼ ٹریفک کی بتیاں

▼ قطار بنائیں۔

▼ ہارن بجانا منع ہے۔

▼ مڑنا منع ہے۔

▼ اوورٹیکنگ منع ہے۔

(۱) ہر تصویر غور سے دیکھیں۔ جوابات لکھیں یا زبانی بتائیں۔

- کس رنگ کی بتی جلے تو ٹریفک رُک جاتی ہے؟ ____________________
- کس رنگ کی بتی جلے تو ٹریفک چلتی ہے؟ ____________________
- ''زیبرا کراسنگ'' کو یہ نام کیوں دیا گیا ہے؟ ____________________